مطبوعات

سیرت المختار صلی اللہ علیہ وسلم | تالیف: الشیخ مصطفےٰ غلاییني۔ ترجمہ: جناب ملک غلام علی صاحب شائع کردہ: مکتبہ تعمیرِ انسانیت اندرون موچی دروازہ۔ لاہور۔ صفحات: ۱۷۵، قیمت: ۵ روپے۔

یہ سیرت رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک ایسی مستند کتاب ہے جو اگرچہ ضخامت کے اعتبار سے مختصر ہے مگر مواد اور نفسِ مضمون کے لحاظ سے جامع ہے۔ اس کتاب کا نمایاں پہلو یہ ہے کہ عہدِ حاضر کے ایک ممتاز عالمِ دین نے اسے تصنیف کیا ہے اور ایک دوسرے صاحب بصیرت عالمِ دین نے بڑی محبت اور عرق ریزی کے ساتھ اسے اُردو کے قالب میں ڈھالا ہے۔ فاضل مترجم نے ترجمے کے لیے ایک ایسا اسلوب بیان اختیار کیا ہے جس میں "ترجمہ پن" کا کوئی شائبہ تک نظر نہیں آتا۔ کتاب کے آخر میں احادیث سے حضورؐ کی اخلاقی تعلیمات و ہدایات کا ایک نہایت اچھا انتخاب شامل کر دیا گیا ہے۔

یہ کتاب یوں تو ہر طبقے کے لیے بصیرت افروز ہے لیکن اگر اسے ثانوی تعلیم کے نصاب میں داخل کر لیا جائے تو یہ بڑی مفید ثابت ہو سکتی ہے۔ یہ کتاب اس قابل ہے کہ اس کا انگریزی ترجمہ شائع کیا جائے اور انگریزی مدارس میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبا تک اسے پہنچایا جائے۔

کتابت و طباعت کا معیار عمدہ ہے۔

معروف و منکر | مصنف: سید جلال الدین انصر عمری۔ ناشر: اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ لاہور۔ صفحات ۲۴۰ سفید کاغذ۔ طباعت آفسٹ۔ قیمت ۸ روپے۔

جناب انصر عمری معروف اہلِ قلم ہیں جن کی تصنیفات خاصا تحقیقی رنگ لیے ہوتی ہیں۔ زیرِ نظر تصنیف امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے موضوع پر ہے جسے معروف و منکر کے معنیٰ و مفہوم، فرضیت و اہمیت،